# حیسکو پریس رلیز مورخہ 27.09.2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔

**سوسائٹی نوابشاہ، سیہون، پھلیلی، الیاس آباد، قاضی احمد و دیگر سب ڈویژنوں کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 400 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے جبکہ 15KVA کے 02 عدد ٹرانسفارمر اور 25KVA کے 03 عدد ٹرانسفارمر اتارے گئے ہیں اور نادہندگان کے 100 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کیئے گئے۔اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرا دیئے گئے ہیں۔حیسکو ترجمان**

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید کی ہدایات پر نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور بجلی چوری کے خاتمہ کے لیئے پورے حیسکو ریجن میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید کی ہدایت پر حیسکو کی S&I اور دیگر اسپیشل ٹیموں کا نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں۔آج سوسائٹی نوابشاہ، سیہون، پھلیلی، الیاس آباد، قاضی احمد و دیگر سب ڈویژنوں کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 400 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے جبکہ 15KVA کے 02 عدد ٹرانسفارمر اور 25KVA کے 03 عدد ٹرانسفارمر اتارے گئے ہیں اور نادہندگان کے 100 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کیئے گئے۔اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرا دیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ حیسکو چیف نے تمام حیسکو افسران کو بالخصوص سپرنٹینڈنگ انجنیئرز تمام آپریشن سرکلز اور ایکسئین کو ہدایات دیں ہیں کہ تمام نادہندگان سے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں بصورت دیگر نادہندگان کی بجلی منقطع کر دیں اور واجبات کی 100% وصولی تک نادہندگان کے بجلی کنکشن مقطع رہنے دیں، انہوں نے کہا کہ ہر ماہ واجبات کی 100% فیصد وصولی ماہانہ بلنگ کی بنیاد پر کریں۔ تاکہ واجبات کے حجم کو نیچے لایا جا سکے، حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرنا حیسکو کی ذمہ داری ہے مگر نادہندگی کی موجودہ صورتحال میں وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ترقیاتی کام نہیں کرائے جاسکتے، انہوں نے کہا میرا اولین مقصد حیسکو کی ترقی ہے اور میں تمام افسران پر واضح کرتا ہوں کہ وہ سب ایک ٹیم ہو کر محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنے فرائض بہتر طریقے سے سرانجام دیں، جو اچھا کام کرے گا وہ عزت پائے گا اور وہ میری ٹیم کا ممبر ہوگا، لیکن جس کی افسر کی کارکردگی خراب ہوگی تو اس کے خلاف سزا مروجہ قانون کے تحت تجویز کی جائے گی۔صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان۔حیسکو چیف نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے ذمہ تمام واجبات فی الفور ادا کریں، تاکہ انہیں بجلی کی بہتر ترسیل بلاتعطل فراہمی کی جاسکے، انہوں نے کہا کہ بجلی چوری قانونی اور اخلاقی جرم ہے، جو بھی مجرم پکڑا گیا تو اس کے خلاف مروجہ قانون کے تحت FIR اور جرمانہ عائد کر کے حراست میں بھی لیا جاسکتا ہے۔



حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں۔